بات چیت کے لیے

1۔ کیا آپ نے کبھی ووٹ دیا ہے؟ 2۔ کیا آپ نے بھی کوئی چناؤ لڑا ہے؟ 3۔ ووٹ دینے اور انتخاب کے لیے امیدوار ہونے میں کیا فرق ہے؟ 4۔ کس عمر سے ووٹ دینے کا حق حاصل ہوتا ہے؟ 5۔ کیا آپ کو کبھی ووٹ دیتے وقت کسی طرح کی دشواری پیش آئی ہے؟

केंद्रीय
मतदान केंद्र
4

6 انتخاب

ہم سیکھیں گے

گھ	دھ	ڈھ	ڑھ	ژ

- تین ہندسوں والے اعداد کو جمع اور تفریق کرنے کے طریقے۔
- ضرب دینے کا طریقہ۔
- لمبائی کی ناپ (سینٹی میٹر، میٹر)۔

▪ تصویر پہچان کر پڑھیے

مرکزِ انتخاب


ووٹنگ


ای وی ایم مشین

الیکشن آفیسر

امیدوار

شناختی کارڈ



انتخابِ امیدوار

انتخابی روشنائی

استاد کے لیے ہدایت: باری باری سے ساتھیوں کو سبھی تصویروں کی پہچان کروائیں۔ تصویروں کے نیچے اس سے متعلق لفظ دیے گئے ہیں۔ ان سے تصویر کے نیچے دیے گئے لفظ پڑھنے کے لیے کہیں۔

پڑھیے اور حرف لکھیے

05:21

گ + ھ = گھ

گھ

گھوڑا گھاس کھا رہا ہے

گھونگھٹ	گھونٹ	گھونسا	گھُپ	باگھ
گھٹتی	گھر	گھٹنا	گھنٹی	گھاٹ
گھبرانا	گھٹن	گھلنا	گھاگھر	گھورنا

■ تصویر دیکھیے اور لفظ لکھیے

استاد کے لیے ہدایت: لفظ پڑھنے میں ساتھیوں کی مدد کریں۔ ان سے حرف لکھوائیں۔ دی گئی جگہ پر تصویر کا نام بھی لکھوائیں۔

▪ پڑھیے اور حرف لکھیے

د+ھ=دھ



دھ

بارش کے بعد ست رنگی دھنک

دھوپ	دھاگا	دھان	دھن	دھول	دھواں	دھچکا
دودھ	دھار	دھرتی	باندھنا	دھیما	دھرم شالہ	آدھا
دھندلا	دھانی	دھلائی	دھماکہ	دھمکی	دھڑکن	دھیان

تصویر دیکھیے اور لفظ لکھیے

AADHAAR



استاد کے لیے ہدایت: لفظ پڑھنے میں ساتھیوں کی مدد کریں۔ ان سے حروف لکھوائیں اور دی گئی جگہ پر تصویر کا نام لکھوائیں۔

پڑھیے اور حرف لکھیے

ڈ + ھ = ڈھ

ڈھ

دور کے ڈھول سہانے ہیں
صدیوں کے افسانے ہیں

ڈھنڈورا	ڈھیر	ڈھکنا	ڈھیلا	ڈھیٹ
ڈھول	ڈھابا	ڈھارس	ڈھنگ	ڈھالنا
ڈھلان	ڈھیٹ	ڈھونگ	ڈھانچہ	ڈھونڈنا

ڈھ

ڈھ

▪ تصویر دیکھیے اور لفظ لکھیے







استاد کے لیے ہدایت: لفظ پڑھنے میں ساتھیوں کی مدد کریں۔ ان سے حروف لکھوائیں اور دی گئی جگہ پر تصویر کا نام لکھوائیں۔

پڑھیے اور حرف لکھیے

ڑ + ھ = ڑھ

ڑھ

پڑھنا لکھنا سیکھو

او محنت کرنے والو!

صفدر ہاشمی

کُڑھنا	داڑھ	کڑھائی	بڑھنا
بوڑھا	چڑھائی	بڑھیا	اوڑھنا

ڑھ

ڑھ

تصویر دیکھیے اور لفظ لکھیے



استاد کے لیے ہدایت: لفظ پڑھنے میں ساتھیوں کی مدد کریں اور ان سے حروف لکھوائیں۔ دی گئی تصویر کا نام لکھوائیں۔

پڑھیے اور حرف لکھیے

ژ



ژ

کشمیر میں ژالہ باری ہو رہی ہے۔

مژگاں	ژرف	ژالہ	ژالہ باری	مژدہ
ژراف	نِژاد	اژدہا	اژدہام	ژیاں

ژ

ژ

تصویر دیکھیے اور لفظ لکھیے





آپ ایک رائے دہندہ (ووٹر) ہیں۔

- آپ کا نام ووٹ دینے والوں کی فہرست میں شامل ہوسکتا ہے، اگر آپ۔۔

ہندوستان کے باشندے ہیں۔

انتخابی علاقہ کے باشندے ہیں۔

آپ کی عمر 1 جنوری کو اٹھارہ سال کی ہوچکی ہو



وہ لوگ ووٹر نہیں ہوسکتے جو دماغی طور پر معذور ہیں یا پھر انتخاب سے جڑے کسی جُرم میں شامل ہیں۔

NOTA– اگر آپ کسی بھی امیدوار کو ووٹ نہیں دینا چاہتے ہوں تو NOTA (None of the above) والے بٹن کو دبائیں۔

سوال 1۔ کیا آپ کے پاس ووٹر کارڈ ہے؟

سوال 2۔ آپ کے انتخابی علاقہ کا نام کیا ہے؟

سوال 3۔ ووٹ دینے کے لیے آپ کے پاس کیا کیا ہونا چاہیے؟

استاد کے لیے ہدایت: انتخاب سے جڑی کچھ باتیں اوپر دی گئی ہیں۔ ساتھیوں سے پڑھنے کو کہیں ضرورت پڑنے پر مدد کریں۔

■ ووٹر کارڈ کو دیکھیے اور سوالوں کے جواب لکھیے



سوال 1۔ ووٹر کارڈ میں دی گئی معلومات کن کن زبانوں میں ہیں؟

سوال 2۔ آپ کا ووٹر کارڈ کن زبانوں میں ہے؟

سوال 3۔ کیا ووٹر کارڈ میں آپ کی شادی سے متعلق معلومات دی گئی ہے؟

سوال 4۔ مرد اور عورت کی شناخت کس سے کی گئی ہے، والد یا شوہر سے؟

سوال 5۔ کیا بیوی سے شوہر کی پہچان نہیں ہوتی؟

سوال 6۔ اپنے ووٹر کارڈ کو دیکھ کر اس میں دی گئی معلومات کی فہرست بنائیں۔

نمبر	شمار معلومات
1۔	ووٹ دینے والے کا نام
2۔	
3۔	جنس
4۔	
5۔	
6۔	
7۔	
8۔	

ووٹر شناختی کارڈ ہندوستان کے سبھی باشندوں، جن کی عمر اٹھارہ یا اٹھارہ سال سے زیادہ ہے، ان کے لیے جاری کیا جاتا ہے۔ ووٹر شناختی کارڈ الیکشن کمیشن آف انڈیا جاری کرتا ہے۔

بات چیت کیجیے

- ووٹ دینا کیوں ضروری ہے؟
- جمہوریت کسے کہتے ہیں؟
- آپ ووٹ کب کب دیتے ہیں؟
- ووٹ دینے سے پہلے آپ کیا کیا سوچتے ہیں اور کیوں؟

استاد کے لیے ہدایت: ساتھیوں سے انتخاب اور اس سے متعلق باتوں پر بات چیت کیجیے۔ ووٹ کے حق، اہمیت اور اس کے صحیح استعمال پر زور دیں۔

ووٹ دینے کی تیاری

الیکشن کے دن چھٹّی دی جاتی ہے تاکہ آپ کو کام پر جانے کی بھاگ دوڑ نہ کرنی پڑے۔

اپنا نام انتخابی فہرست میں دیکھ لیں۔ یہ آپ ووٹنگ آفیسر کی ویب سائٹ پر بھی دیکھ سکتے ہیں۔

گھر سے نکلتے وقت اپنا (ووٹر کارڈ) لے جانا نہ بھولیں۔ موبائل کیمرہ وغیرہ نہ لے کر جائیں۔ انتخابی مرکز پر یہ چیزیں لے جانے کی اجازت نہیں ہے۔

ووٹنگ کے لیے قطار میں کھڑے ہوں۔ آپ ضرور چاہیں گے کہ اگر کسی کے لیے قطار میں کھڑے رہنا مشکل ہے تو آپ انہیں ووٹ پہلے ڈالنے دیں گے۔

▪ میرے الفاظ

استاد کے لیے ہدایت: انتخاب کے موضوع پر بات چیت کیجیے۔ ساتھیوں سے پوچھ کر اس موضوع سے متعلق تین چار الفاظ لکھیے یہ الفاظ ان کی زبان کے بھی ہو سکتے ہیں۔ جیسے ووٹ دینے کے لیے ووٹ پڑنا وغیرہ۔

انتخاب میں ووٹنگ کے بعد ووٹوں کی گنتی کی جاتی ہے اور سب سے زیادہ ووٹ ملنے والے امیدوار کے کامیاب ہونے کا اعلان کیا جاتا ہے۔

ایک انتخاب سے متعلق معلومات دی گئی ہے۔

لکشمی	–	200 ووٹ
ناظم	–	124 ووٹ
سلطانہ	–	176 ووٹ
ڈالے گئے کل ووٹ	–	500

اوپر دی گئی معلومات کو سمجھ کر بتائیے۔

(الف) کس کو سب سے زیادہ ووٹ حاصل ہوئے ہیں؟ ________

(ب) سب سے کم ووٹ کسے ملے ہیں؟ ________

(ج) الیکشن میں دوسرے مقام پر کون ہے؟ ________

(د) الیکشن میں کل کتنے امیدوار ہیں؟ ________

استاد کے لیے ہدایت: ساتھیوں کا حوصلہ بڑھائیں کہ وہ مختلف سیاق میں حوالوں سے تین عدد کا موازنہ کرسکیں، جوڑنے اور گھٹانے کے مختلف طریقے تلاش کریں اور دی گئی معلومات کی مدد سے فیصلہ کرسکیں۔

ناپ تول (ماپ تول)

یاد رکھیے

1 سینٹی میٹر = 10 ملی میٹر

100 سینٹی میٹر = 1 میٹر

1000 میٹر = 1 کلومیٹر



■ انتخاب کی دوڑ میں تو لکشمی جیت گئی تھی بتائیے بچوں کی دوڑ میں کون جیتے گا؟

تصویر دیکھ کر نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے

(الف) دوڑ میں سب سے پیچھے کون ہے؟

(ب) کتنے میٹر اور دوڑنے کے بعد نگینہ جیت حاصل کرسکتی ہے؟

(ج) ساجدہ آمنہ سے کتنے میٹر پیچھے ہے؟

(د) انشا نگینہ سے کتنے میٹر پیچھے ہے؟

استاد کے لیے ہدایت: زیادہ پیمائش کے لیے کلومیٹر کا استعمال کرتے ہیں۔ کم فاصلے کو ناپنے کے لیے میٹر یا بہت ہی کم دوری کو ناپنا ہو تو اس کے لیے سینٹی میٹر کا استعمال کرتے ہیں۔ کلومیٹر کو کے ایم (km)، میٹر کو ایم (m) اور سینٹی میٹر کو سی ایم (cm) بھی لکھتے ہیں۔ بہت ہی چھوٹی لمبائی کو ملی میٹر سے ناپتے ہیں۔ اسے ایم۔ایم (mm) لکھتے ہیں۔

■ ناپنے کے لیے الگ الگ پیمانے ہوتے ہیں جیسے



■ ناپیے اور ناپ کو خالی جگہ میں لکھیے

- ناخن ______ سینٹی میٹر
- پنسل ______ سینٹی میٹر
- موبائل فون ______ سینٹی میٹر
- دیوار پر دو ایسے نشان لگایئے جن کے بیچ کی دوری 1 میٹر ہے۔

■ سوچیے اور خالی جگہ بھریے

- دو شہروں کے بیچ کی دوری کو ہم ________________ میں ناپتے ہیں۔
- ناخن کی چوڑائی کو ________________ میں ناپتے ہیں۔

استاد کے لیے ہدایت: ساتھیوں کو آس پاس کی چیزوں کی لمبائی کا اندازہ لگانے اور صحیح پیمائش یا ناپ کے ذریعے تصدیق کرنے کا موقع دیں۔ یہ بھی بات چیت کریں کہ بار بار اندازہ لگانے سے بھی اندازہ صحیح ہو جاتا ہے۔